12 ستمبر 2013ء

پاکستانی ورکرز کی ترسیلات زر میں 7 فیصد سے زائد اضافہ، مالی سال 14ء کے پہلے دو مہینوں میں 2.6 بلین ڈالر بھیجے گئے

بیرون ملک مقیم پاکستانی ورکرز کی جانب سے رواں مالی سال 14-2013ء (م س 14ء) کے پہلے دو مہینوں (جولائی۔اگست) میں 2637.27 ملین ڈالر کی ترسیلات زر وطن بھیجی گئیں جو 7.05 فیصد کی نمو کو ظاہر کرتا ہے جبکہ گذشتہ مالی سال کے اسی عرصے (جولائی اگست م س 13ء) میں 2463.69 ملین ڈالر بھیجے گئے تھے۔

جولائی تا اگست مالی سال 14ء کے دوران سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، امریکہ، برطانیہ، جی سی سی ممالک (بشمول بحرین، کویت، قطر اور سلطنت عمان) اور یورپی یونین کے ممالک سے بالترتیب 732.50 ملین ڈالر، 506.78 ملین ڈالر، 448.60 ملین ڈالر، 419.74 ملین ڈالر، 295.59 ملین ڈالر اور 74.97 ملین ڈالر کی ترسیلات زر وطن آئیں جبکہ جولائی تا اگست مالی سال 13ء کے دوران ان ملکوں سے بالترتیب 657.78 ملین ڈالر، 505.80 ملین ڈالر، 446.61 ملین ڈالر، 334.06 ملین ڈالر، 274.09 ملین ڈالر اور 63.57 ملین ڈالر کی ترسیلات زر موصول ہوئی تھیں۔ رواں مالی سال کے پہلے دو مہینوں (جولائی تا اگست م س 14ء) کے دوران ناروے، سوئٹزرلینڈ، آسٹریلیا، کینیڈا، جاپان اور دیگر ممالک سے 159.09 ملین ڈالر کی ترسیلات زر موصول ہوئیں جبکہ پچھلے مالی سال کے پہلے دس ماہ (جولائی تا اگست م س 13ء) کے دوران ان ممالک سے 181.78 ملین ڈالر کی ترسیلات زر موصول ہوئی تھیں۔

اگست 2013ء میں سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، امریکہ، برطانیہ، جی سی سی ممالک (بشمول بحرین، کویت، قطر اور سلطنت عمان)، اور یورپی یونین کے ممالک سے بالترتیب 321.77 ملین ڈالر، 254.37 ملین ڈالر، 215.54 ملین ڈالر، 197.81 ملین ڈالر، 134.15 ملین ڈالر اور 36.38 ملین ڈالر کی ترسیلات زر وطن آئیں جبکہ اگست 2012ء کے دوران ان ملکوں سے بالترتیب 308.12 ملین ڈالر، 265.26 ملین ڈالر، 231.31 ملین ڈالر، 185.57 ملین ڈالر، 133.73 ملین ڈالر اور 32.74 ملین ڈالر کی ترسیلات زر موصول ہوئی تھیں۔ رواں مالی سال (اگست م س 14ء) کے دوران ناروے، سوئٹزرلینڈ، آسٹریلیا، کینیڈا، جاپان اور دیگر ممالک سے 72.86 ملین ڈالر کی ترسیلات زر موصول ہوئیں۔

☆☆☆